اقبال اور برصغیر کی تحریک آزادی

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر محمد ریاض

شائع کردہ : آئینہ ادب، چوک مینار، انارکلی لاھور

سال اشاعت : ۱۹۷۸ء تعداد صفحات : ۱۰۴

قیمت : ۹ روپے (مجلد مع گرد پوش)

برصغیر کی تحریک آزادی خاصکر تقسیم ھند اور قیام پاکستان کے ساتھ اقبال کی نسبت کے متعلق کچھ کہنا تحصیل حاصل ھوگا۔ یہ باتیں ھمارے قومی مسلمات میں شامل ھیں۔ اس عنوان سے بحث جستہ جستہ مختلف کتابوں میں ملے گی، پروفیسر ڈاکٹر ریاض نے اس عنوان سے متعلق متفرق بکھری ھوئی معلومات کو یکجا کرکے ایک لڑی میں پرو دیا ھے۔ اب ایک قاری کو اقبال کی زندگی کے اس پہلو سے روشناس ھونے کے لئے بہت سی کتابوں کی ورق گردانی کرنے کی ضرورت نہیں ھوگی۔ زیر نظر کتاب کی ایک خصوصیت یہ ھے کہ اس میں مصنف نے نثری مواد کے علاوہ اقبال کی شاعری سے بھی مدد لی ھے۔ ڈاکٹر ریاض کی اپنی شخصیت محتاج تعارف نہیں وہ علمی اور ادبی دنیا میں جانے پہنچانے جاتے ھیں۔ فکر و نظر کے صفحات میں بھی وہ گاھے گاھے نظر آتے رھتے ھیں۔ دین اسلام، ملت بیضاء، پاکستان اور عالم اسلام سے انھیں تعلق خاطر ھے اور یہ تعلق ان کی تحریروں سے صاف جھلکتا ھے۔ اقبال ان کے پسندیدہ موضوعات میں سے ھے اور اس کی وجہ ظاھر ھے۔ بحیثیت ایک مصنف اور مضمون نگار کے وقار سنجیدگی اور متانت ان کا ما بہ الامتیاز ھے۔

(شرف الدین اصلاحی)